شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

15جولائی2023ء

پریس ریلیز

قرآن پاک کی بے حرمتی کے خلاف پاکستان کی قرارداد کا منظور ہو جانا انتہائی خوش آئند ہے۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور (پ ر): قرآن پاک کی بے حرمتی کے خلاف پاکستان کی قرارداد کا منظور ہو جانا انتہائی خوش آئند ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ انہوں نے سویڈن اور دیگر یورپی ممالک میں قرآن پاک کی بے حرمتی کے پے در پے واقعات کے تناظر میں پاکستان کی جانب سے اقوام متحدہ کی انسانی حقوق کونسل میں قرآن پاک کی توہین اور مذہبی منافرت پھیلانے کے خلاف پیش قرارداد کی منظوری کو امتِ مسلمہ کی ایک اہم کامیابی قرار دیا۔ قرارداد کی مخالفت کرتے ہوئے امریکہ اور یورپی یونین کا یہ کہنا کہ یہ انسانی حقوق اور آزادی اظہار کے حوالے سے اُن کے مؤقف سے متصادم ہے اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ اسلاموفوبک دہشتگردی کے ان واقعات میں ملوث افراد کو ان ممالک کی مکمل پشت پناہی حاصل ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ انسانی حقوق اور آزادی اظہار محض بہانہ ہے جس کی آڑ لے کر مغربی ممالک شعائر اسلامی کو نشانہ بناتے ہیں۔ انہی مغربی ممالک میں ہولوکاسٹ پر تو اظہار رائے کی آزادی نہیں اور ہولوکاسٹ کے مروّجہ بیانیہ سے متضاد کسی بھی قسم کی گفتگو کرنا قابل تعزیز جرم ہے لیکن منافقت کا یہ عالم ہے کہ قرآن پاک کی توہین اور صاحب قرآن ﷺ کی گستاخی کی مکمل پشت پناہی کی جا رہی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ مسلمانوں کی کمزوری اور حالتِ زار کی وجہ سے ہی مغرب کو اسلام کے خلاف اقدامات اٹھانے کی ہمت ہوتی ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ مسلمان ممالک قرآن پاک کو اپنا حقیقی امام بنائیں۔ انفرادی اور اجتماعی سطح پر قرآن کے احکامات کو نافذ اور قائم کریں اور متحد ہو کر دشمنانِ اسلام کو دندان شکن جواب دیں۔ ایسی صورت میں مغربی ممالک قرآن پاک کی بے حرمتی اور شعائر اسلام کی تضحیک کی کبھی جرأت نہیں کر سکیں گے۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

امیر تنظیم:
شجاع الدین شیخ
بانی تنظیم:
ڈاکٹر اسـرار احمد

تنظیمِ اسلامی

TANZEEM-E-ISLAMI

PRESS RELEASE: 16 July, 2023

"The endorsement of Pakistan's proposed resolution against the desecration of the Holy Quran is a welcome development."

(Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): "The endorsement of Pakistan's proposed resolution against the desecration of the Holy Quran is a welcome development."

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. Referring to the recent, successive events involving the desecration of the Holy Quran, he lauded the passing of Pakistan's proposed resolution condemning blasphemy of the Holy Quran and the spreading of religious hatred, in the United Nations Human Rights Council, as an important triumph for the Muslim Ummah. He said that the vote by USA and the European Union against the resolution, arguing that it is contradictory to their views regarding human rights and freedom of expression is clear evidence of the fact that the individuals perpetrating these horrific acts of blatant Islamophobic terrorism indeed have complete support of these countries. The dire reality is that the false pretexts of 'human rights' and 'freedom of expression' being used by the western countries are mere excuses to target the sacraments of Islam. In these very same western countries, freedom of expression on the topic of the Holocaust is plain unacceptable, with any point of view besides the prevailing narrative being a punishable offense, while the desecration of the Holy Quran and blasphemy of the Holy Prophet *(SAAW)* are given state backing, which also proves the naked hypocrisy of these nations. The fact of the matter is that the West dares to take such initiatives against Islam because of the spineless and distraught state of the Muslims. The need of the hour is that all Muslim countries implement and establish the Holy Quran as their one true guide, alongside its teachings on the individual and collective planes, and unite to deliver a strong response to the enemies of Islam. The western nations, in that case, will not dare to desecrate the Holy Quran and mock the sacraments of Islam.

Issued by:
Ayub Baig Mirza
Markazi Nazim Nashr o Ishaat
Tanzeem e Islami Pakistan